ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی ہدایت پر اسپرے مہم اور صفائی کا کام جاری ہے

اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

حوالہ نمبر TMC/G/INF/044/24

تاریخ 08/04/2024

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے علاقائی معززین، کونسل ممبران اور افسران سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کے ساتھ موسمیاتی تبدیلی کے سبب بہت سے امراض جنم لیتے ہیں جن پر قابو پانا ضروری ہے اس لئے جراثیم کش ادویات کا چھڑکاؤ کیلئے اسپرے مہم کا آغاز کیا گیا ہے رمضان المبارک کے آخری عشرے میں جو لوگ مساجد میں اعتکات میں بیٹھے ہیں ان کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے گڈاپ ٹاؤن کے تمام یونیز میں کونسل ممبران کے مشاورت سے حشرات الارض کے خاتمے کیلئے مچھر مار اسپرے مہم جاری ہے گڈاپ ٹاؤن کی ٹیم اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں اس کے علاوہ عیدالفطر بھی قریب ہے تمام مساجد اور عیدگاہ میں صفائی ستھرائی کا کام بھی جاری ہے تاکہ تمام مسلمان بھائیوں کو نماز عید ادا کرتے ہوئے کوئی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، اس موقع پر وائیس چیئرمین جام محمد جوکھیو، میونسپل کمشنر احمد یار، افسر مالیات افتخار احمد دایو، پارلیمانی لیڈر ممبر کونسل میر عباس ٹالپور، ممبر محمد رفیق جوکھیو، کونسل ممبر علی گبول، ڈائریکٹر ایچ، آر، ایم حاجی شریف شیخ، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی عاطف علی بدر، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ کلچر طاہر بلوچ، پی ایس چیئرمین لال جان بی بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن محمد شرجیل خان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر انفارمیشن شاہ محمد شاہ موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ